SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

August 3, 2017

For immediate release

ایس ای سی پی نے جولائی میں آٹھ سو چودہ کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد(۳اگست) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے جولائی میں آٹھ سو چودہ کمپنیاں رجسٹر کیں۔ جولائی کے مہینے میں رجسٹریشن حاصل کرنے والی کمپنیوں میں ستاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، بارہ فی صد سنگل ممبر اور ایک فی صد پبلک ان لسٹڈ اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔ سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد ایک سو اٹھائیس ہے جبکہ انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو بارہ خدمات کے شعبے میں ایک سو دس تعمیرات میں ایک سو تین سیر و سیاحت میں اڑتیس خوراک و مشروبات میں بتیس تعلیم میں چھبیس انجنیئرنگ میں بائیس آٹو الائیڈ اور رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ میں بالترتیب انیس، انیس کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ اور ٹرانسپورٹ میں بالترتیب اٹھارہ اٹھارہ دواسازی میں سترہ کیمیکل اور ٹیکسٹائل میں بالترتیب تیرہ، تیرہ کمیونیکیشن، ایندھن و توانائی اور صحت کی دیکھ بھال کے ہر ایک شعبے میں بارہ اور نوے کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں میں اور تین غیر ملکی کمپنیاں اسلام آباد اور کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔

اس ماہ باسٹھ نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، آسٹریلیا، آسٹریا، بیلجیئم، کینیڈا، چین، جرمنی، انڈونیشیا، ایران، اٹلی، جنوبی کوریہ، ملائیشیاء، ناروے، فلپائن، سپین، سویڈن، تھائی لینڈ، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، یوکرائن اور امریکہ سے ہے۔ سب سے زیادہ رجسٹریشن اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں دو سو پچھتر کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ لاہور میں دو سو چھیالیس کراچی میں دو سو ایک پشاور میں ملتان میں تینتیس فیصل آباد میں پندرہ کوئٹہ میں سات گلگت بلتستان میں پانچ اور سکھر میں تین کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005